مسلمان اُٹھ

مولانا احسن عثمانی رحمۃ اللہ علیہ

پیغامِ اجل دیتے نہیں کیوں ہستی کو
ہم رشتۂ رفعت کیوں کرتے نہیں پستی کو
یہ بیمِ زیاں کیسا توحید پرستی میں
اب یاس کے عالم سے اے پیکرِ حرماں اُٹھ
اُٹھ خوابِ تغافل سے اے مردِ مسلماں اُٹھ

مومن کی سر افرازی تخلیق کا حاصل ہے
اک بارِ امانت کا تو دہر میں حامل ہے
تیرے لیے محکومی تو زہرِ ہلاہل ہے
اب قیدِ غلامی سے اے یوسفِ زنداں اُٹھ
اُٹھ خوابِ تغافل سے اے مردِ مسلماں اُٹھ

وہ شورِ جرس اُٹھا سامانِ سفر کر لے!
اُٹھ اور رگ و پے میں صہبائے عمل بھر لے
آرام و سکوں کھو کر سوزِ دلِ مضطر لے
ہاں صورتِ نشتر پھر سوئے رگِ جاں اُٹھ
اُٹھ خوابِ تغافل سے اے مردِ مسلماں اُٹھ

افسردہ دلی ہر دم ہر لمحہ پریشانی
اے مسلمِ رادہ دل نادانی ہے نادانی
محرومِ سفر کر دے کیوں سوختہ سامانی
کر سوزِ یقین پیدا اور سوختہ سامان اُٹھ
اُٹھ خوابِ تغافل سے اے مردِ مسلماں اُٹھ

ہاں گم ہے اس نقطہ پر حکمتِ فارابی
کونین کا سرمایہ ہے قلب کی بے تابی
خورشید کو خوں کر دے یہ ذرّۂ سیمابی
اس ذرّہ کو چمکا اور باحالِ پریشاں اُٹھ
اُٹھ خوابِ تغافل سے اے مردِ مسلماں اُٹھ

(مطبوعہ ذکر وفکر، ص:۱۰۲، مرتبہ: سید محمد طفیل احمد بدر امروہوی ناظم انجمن بہار ادب، لاہور)
(ناشر: تاج کمپنی لمیٹڈ، قرآن منزل ریلوے روڈ لاہور)